# والدین کے حقوق: خاندانوں کے لیے ایک ارلی اسٹارٹ گائیڈ (نظر ثانی شدہ 2026)

اس دستاویز میں قوانین اور ضوابط کے حوالہ جات شامل ہیں، لیکن ممکن ہے کہ اس میں تمام وہ حوالہ جات درج نہ ہوں جو آپ کی صورت حال پر لاگو ہوتے ہیں۔

- CFR سے مراد کوڈ آف فیڈرل ریگولیشنز ہے۔
- GC سے مراد ریاستی قانون برائے ارلی اسٹارٹ کا گورنمنٹ کوڈ ہے۔
- CCR سے مراد کیلیفورنیا کوڈ آف ریگولیشنز ہے۔

اگر ارلی اسٹارٹ میں بطور والدین اپنے حقوق کے بارے میں آپ کے سوالات ہیں، تو براہ کرم اپنے علاقائی مرکز یا مقامی تعلیمی ایجنسی (LEA) سے رابطہ کریں

## باخبر رضامندی

ارلی سٹارٹ کی جانب سے آپ کے بچے کا کوئی بھی ٹیسٹ یا سروسز فراہم کیے جانے سے پہلے، آپ کو تحریری طور پر اپنی رضامندی دینا ضروری ہے۔ پروگرام کو آپ یا آپ کے بچے کے بارے میں معلومات کسی کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے آپ کی اجازت حاصل کرنا ضروری ہے۔ اسے باخبر رضامندی۔ کہتے ہیں۔ [34 CFR 303.7, 34 CFR 303.420]

- آپ کو تمام معلومات اس زبان میں حاصل کرنے کا حق ہے جو آپ گھر میں بولتے ہیں۔ [34 CFR 303.7]
- آپ کو درج ذیل معاملات کے لیے تحریری رضامندی دینا ضروری ہے:
  - کسی بھی قسم کے ٹیسٹ یا تشخیص کے لیے۔ [34 CFR 303.420(a), 17 CCR 52162(a)]
  - ارلی اسٹارٹ کی کسی بھی سروس کے آغاز کے لیے۔ [34 CFR 303.420(a), 17 CCR 52162(a)]
  - اپنے بچے کی ذاتی معلومات دوسروں کے ساتھ شیئر کرنے کے لیے۔ [34 CFR 303.414, 17 CCR 52162(B), 17 CCR 52169]
  - آپ کی میڈیکل انشورنس استعمال کرنے کے لیے اگر اس سے آپ پر اضافی مالی بوجھ پڑ سکتا ہو یا آپ کے انشورنس فوائد میں کمی آسکتی ہو۔ [17 CCR 52162(d)]
- آپ کسی بھی وقت تحریری طور پر سروسز یا جانچ کو روکنے کی اپنی اجازت واپس لے سکتے ہیں۔ [34 CFR 303.7(c), 34 CFR 303.420(b), 17 CCR 52162(c)]

## رازداری اور ریکارڈز تک رسائی

آپ اپنے بچے اور خاندان کے بارے میں جو بھی معلومات فراہم کرتے ہیں وہ نجی اور محفوظ رہتی ہیں۔ یہ معلومات صرف وہی افراد دیکھ سکتے ہیں جو براہِ راست آپ کے بچے کی مدد یا سروسز کی فراہمی میں شامل ہوں۔ [34 CFR 303.29, 17 CCR 52160(a)]

- آپ کو اپنے بچے کے ریکارڈز دیکھنے اور ان کی کاپیاں حاصل کرنے کا حق ہے۔ [34 CFR 303.405]
- درخواست کرنے کے بعد آپ پانچ کام کے دنوں کے اندر اپنے ریکارڈز کی کاپیاں یا ان کی وضاحت حاصل کر سکتے ہیں۔ [17 CCR 52164(b)]
- آپ پروگرام سے اپنے بچے کے ریکارڈ میں موجود غلط معلومات کو ٹھیک کرنے یا ہٹانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ [17 CCR 52168]
- اگر پروگرام آپ کے بچے کے ریکارڈ میں اصلاح کرنے سے انکار کرے، تو آپ اس معاملے پر بات چیت کے لیے پروگرام کے ڈائریکٹر سے ملاقات کی درخواست کر سکتے ہیں۔ [17 CCR 52168(c)]
- پروگرام پر لازم ہے کہ وہ آپ کو یہ بتائے کہ وہ آپ کے خاندان کے ریکارڈز کو محفوظ اور خفیہ رکھنے کے لیے کیا اقدامات کرتا ہے۔ [34 CFR 303.404, 34 CFR 303.420, 17 CCR 52162, 17 CCR 52165, 17 CCR 52169]

## تشخیص اور جائزہ

ٹیسٹنگ (جسے تشخیص یا جائزہ کہا جاتا ہے) ماہرین کی ایک ٹیم کے ذریعے یہ دیکھنے کے لیے کیا جاتا ہے کہ آیا آپ کا بچہ ارلی اسٹارٹ سروسز کے لیے اہل ہے یا نہیں۔ [GC 95014, 17 CCR 52022]

- آپ کو اپنے تمام حقوق سے آگاہ کیا جانا چاہیے۔ [34 CFR 303.421, GC 95020(c), 17 CCR 52161]
- کوئی بھی ٹیسٹ شروع ہونے سے پہلے آپ کو تحریری اجازت دینی ہوگی۔ [34 CFR 303.420, 17 CCR 52162]
- آپ کو ٹیسٹنگ کے عمل اور اہلیت سے متعلق ہونے والی گفتگو میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے۔ [34 CFR 303.7, 34 CFR 303.321, 34 CFR 303.420, GC 95020, 17 CCR 52040(d), 17 CCR 52082, 17 CCR 52084]
- ارلی اسٹارٹ کو ریفر کیے جانے کی تاریخ سے 45 دنوں کے اندر تشخیص مکمل کرنا ضروری ہے۔ [34 CFR 303.310, 17 CCR 52086(a)]
- آپ کو تشخیص کے نتائج کی تحریری کاپی حاصل کرنے کا حق ہے۔ [34 CFR 303.310, 17 CCR 52086(a)]
- ٹیسٹنگ درج ذیل اصولوں کے مطابق ہونی چاہیے:
  1. جب ممکن ہو تو گھر میں بولی جانی والی زبان میں کی جائے۔ [34 CFR 303.321(a)(6), 17 CCR 52084(d)(4)]

2. ٹیسٹنگ منصفانہ ہو اور کسی بھی شخص کے ساتھ اس کی نسل یا ثقافتی پس منظر کی بنیاد پر مختلف یا امتیازی سلوک نہ کیا جائے۔
[34 CFR 303.321(a)(4), 17 CCR 52082(g)]
3. اہل پیشہ ور افراد کے ذریعے کی جائے۔
[34 CFR 303.321, 17 CCR 52082, 17 CCR 52084]
4. اہلیت کا فیصلہ ماہرین کی ٹیم مشترکہ طور پر کرے۔ یہ فیصلہ صرف ایک ٹیسٹ کی بنیاد پر نہیں کیا جا سکتا۔ [34 CFR 303.321, 17 CCR 52082]
5. ٹیسٹنگ جامع ہو۔ ماہرین کی ٹیم تمام شعبوں کا جائزہ لے گی، (جن میں سوچنے کی صلاحیت، جسمانی حرکت، بولنے کی صلاحیت، سمجھنے کی صلاحیت، خود اپنی دیکھ بھال کرنے کی مہارتیں، اور سماجی و جذباتی مہارتیں شامل ہیں)۔
[GC 95014, 17 CCR 52022]

- ٹیسٹنگ ایسی جگہ پر کی جانی چاہیے جہاں شیر خوار اور کم عمر بچے عام طور پر وقت گزارتے ہوں اور جہاں وہ خود کو آرام دہ محسوس کریں جیسے گھر، پارک، ڈے کیئر وغیرہ۔
[17 CCR 52082(j), 17 CCR 52084(e)]
- آپ یہ انتخاب کر سکتے ہیں کہ اپنے خاندان کے وسائل، ضروریات اور خدمات سے متعلق انٹرویوز میں حصہ لیں یا نہ لیں۔
[34 CFR 303.321, 17 CCR 52084, 17 CCR 52106]

## انفرادی فیملی سروس پلان (IFSP)

اگر آپ کا بچہ ارلی اسٹارٹ کے لیے اہل قرار پاتا ہے، تو ٹیم انفرادی فیملی سروس پلان (IFSP) بناتی ہے۔ یہ ایک تحریری منصوبہ ہے جس میں آپ کے بچے اور خاندان سے متعلق خدمات، اہداف، اور فراہم ک جانے والی سروسز کی تفصیلات درج ہوتی ہیں۔ [17 CCR 52100]

- پہلی IFSP میٹنگ آپ کے بچے کے ریفر کیے جانے کی تاریخ سے 45 دنوں کے اندر ہونی چاہیے۔
[34 CFR 303.20, 34 CFR 303.342, GC 95020(b), 17 CCR 52102]
- IFSP کا ہر 6 ماہ بعد جائزہ لیا جانا چاہیے اور سال میں کم از کم ایک بار اپ ڈیٹ کیا جانا چاہیے۔ [34 CFR 303.342, 17 CCR 52102]

والدین کے لیے IFSP میٹنگز:

- آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ IFSP میٹنگ آپ کی سہولت کے مطابق وقت اور جگہ پر، اور اس زبان میں منعقد کی جائے جو آپ اپنے گھر میں بولتے ہیں۔
[34 CFR 303.342, 17 CCR 52102]
- میٹنگ سے *پہلے* آپ کو تحریری اطلاع دی جانی ضروری ہے۔
[34 CFR 303.342, 17 CCR 52102]
- آپ کسی کو بھی میٹنگ میں مدعو کر سکتے ہیں، بشمول فیملی ممبرز یا ایڈوکیٹ۔
[34 CFR 303.343, 17 CCR 52104]

IFSP دستاویزات کے حوالے سے، بطور والدین آپ کے حقوق:

- آپ کو IFSP کی ایک مفت کاپی اس زبان میں ملے گی جو آپ گھر پر بولتے ہیں۔
[34 CFR 303.25, 34 CFR 303.409, 17 CCR 52102]
- پلان میں شامل ہر سروسز کے لیے آپ کی تحریری رضامندی ضروری ہے۔ آپ کچھ سروسز کے لیے ہاں اور کچھ کے لیے نہیں کہہ سکتے ہیں۔ کسی ایک سروسز سے انکار کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کا بچہ دیگر سروسز بھی حاصل نہیں کر سکے گا۔
[34 CFR 303.342, 34 CFR 303.420, 17 CCR 52102]
- سروسز آپ کے بچے کے "قدرتی ماحول" (جیسے گھر یا ڈے کیئر) میں فراہم کی جانی چاہئیں۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو، تو پروگرام کو تحریری طور پر وجہ بیان کرنی چاہیے۔
[34 CFR 303.13, 34 CFR 303.344, 17 CCR 52106]
- اگر پروگرام آپ کے بچے کی اہلیت، تشخیص یا سروسز میں کوئی تبدیلی تجویز کرے یا ایسی تبدیلی سے انکار کرے، تو اسے *پہلے* آپ کو تحریری اطلاع دینا ضروری ہے۔ اس نوٹس میں اس بات کی وضاحت ہونی چاہیے کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں، وہ ایسا کیوں کرنا چاہتے ہیں، اور آپ کیسے اختلاف کر سکتے ہیں۔ [34 CFR 303.421, 17 CCR 52161]

**ثالثی کانفرنسیں، باضابطہ سماعتیں، اور ریاستی شکایات**

اگر آپ اپنے بچے کی اہلیت، جانچ، یا سروسز سے متعلق کسی فیصلے سے متفق نہیں ہیں، تو آپ کو ثالثی، باضابطہ سماعت، اور ریاستی شکایات کا حق حاصل ہے۔ Early Start پروگرام کو آپ کو ان اختیارات کے بارے میں آگاہ کرنا چاہیے۔ [34 CFR 303.432, 17 CCR 52170]

## ثالثی

یہ ایک رضاکارانہ، غیر رسمی اور خفیہ ملاقات ہوتی ہے، جس میں ایک غیر جانبدار شخص (ثالث) آپ اور ارلی اسٹارٹ پروگرام کے درمیان باہمی اتفاقِ رائے تک پہنچنے میں مدد کرتا ہے۔ آپ تنازع کے حل کے لیے سب سے پہلے ثالثی کی درخواست کر سکتے ہیں، یا باضابطہ سماعت یا شکایت کے عمل کے دوران کسی بھی مرحلے پر بھی ثالثی کی درخواست کر سکتے ہیں۔ [34 CFR 303.431, 17 CCR 52173]

- آپ ایسے وقت اور جگہ پر ثالثی کے لیے کہہ سکتے ہیں جو آپ کے لیے موزوں ہو۔ [34 CFR 303.431, 17 CCR 52172]
- اگر آپ ثالثی میں حصہ نہیں لینا چاہتے ہیں تو آپ انکار کر سکتے ہیں۔ [34 CFR 303.431, 17 CCR 52173]
- ثالثی کے دوران ہونے والی تمام گفتگو خفیہ رہتی ہے اور اسے مستقبل میں ہونے والی کسی بھی سماعت میں بطور ثبوت استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ [34 CFR 303.431, 17 CCR 52173(j)]
- آپ میٹنگ میں کسی دوسرے شخص یا وکیل کو اپنے ساتھ لا سکتے ہیں۔ [17 CCR 52173(h)]
- اگر آپ باہمی اتفاقِ رائے پر پہنچ جاتے ہیں، تو اس معاہدے کو تحریری شکل میں درج کیا جائے گا۔ [34 CFR 303.431, 17 CCR 52173(i)]

## باضابطہ سماعت

تنازعہ کو حل کرنے کے لیے یہ ایک رسمی، قانونی سماعت ہے۔ [34 CFR 303.430, 17 CCR 52172]

- اگر آپ اپنے بچے کی اہلیت یا سروسز سے متعلق کسی فیصلے سے متفق نہیں ہیں تو آپ سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ [17 CCR 52172(a)]
- سماعت کے دوران، آپ کے بچے کو IFSP میں شامل شروسز ملتی رہیں گی (جب تک کہ آپ اور پروگرام کسی تبدیلی پر متفق نہ ہو جائیں یا آپ کا بچہ 3سال کی عمر میں پروگرام سے باہر نہ ہو جائے)۔ [34 CFR 303.209, 17 CCR 52172(g)]
- آپ کی درخواست کے 30 دنوں کے اندر حتمی فیصلہ کیا جانا ضروری ہے۔ [34 CFR 303.437(b), 17 CCR 52172(e)]

## ریاستی شکایت

اگر آپ کو لگتا ہے کہ پروگرام نے ریاستی یا وفاقی قانون کی خلاف ورزی کی ہے اور ساتھ ہی اہلیت یا سروسز سے انکار جیسے مسائل کو حل کرنے کے لیے آپ کیلیفورنیا ڈیپارٹمنٹ آف ڈویلپمنٹ سروسز (DDS) کے پاس ایک رسمی، تحریری شکایت درج کر سکتے ہیں۔ [17 CCR 52170]

- شکایت تحریری ہونی چاہیے اور اس پر دستخط ہونا ضروری ہے۔ مسئلہ کو تفصیل سے بیان کرنا ضروری ہے۔ [34 CFR 303.434, 17 CCR 52170]
- آپ کی شکایت میں آپ کے رابطے کی معلومات شامل ہونی چاہیے [17 CCR 52170(g)]؛ بچے کا نام اور پتہ [34 CFR 303.434]؛ علاقائی مرکز، LEA، یا سروس فراہم کنندہ کا نام [17 CCR 52170(g)]؛ اور آپ کے خیال میں مسئلہ کو کیسے حل کیا جانا چاہیے۔ [34 CFR 303.434]
- آپ کو اس ایجنسی کو ایک کاپی بھیجنی چاہیے جس کے بارے میں آپ شکایت کر رہے ہیں۔ [34 CFR 303.434, 17 CCR 52170(g)]
- DDS کو چھان بین کرنی چاہیے اور 60 دنوں کے اندر آپ کو حتمی تحریری فیصلہ دینا چاہیے۔ [34 CFR 303.433, 17 CCR 52171(a)]
- اگر DDS کو پتہ چلتا ہے کہ ایجنسی غلط تھی، تو وہ اصلاحی کارروائیوں کا حکم دے گا۔ اس میں ایجنسی سے سروسز فراہم کروانا یا آپ کو ان سروسز کے لیے ادائیگی کرنا شامل ہو سکتا ہے جن کے لیے آپ نے ادائیگی کی ہے۔ [17 CCR 52171]

والدین کے طور پر، شکایت کے عمل کے دوران:

- آپ اپنے سروس کوآرڈینیٹر یا کسی ایڈووکیسی گروپ (جیسے اسٹیٹ کونسل آن ڈیولپمنٹل ڈس ایبلٹیز یا ڈس ایبلٹی رائٹس کیلیفورنیا) سے اپنی شکایت لکھنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ 17 CCR 52170]
- آپ کے بچے کی معلومات کو نجی رکھا جائے گا۔ [17 CCR 52169]
- آپ تفتیش کے دوران DDS کو اضافی معلومات جمع کر سکتے ہیں۔ [34 CFR 303.433, 17 CCR 52171(a)]
- DDS کو آپ کی شکایت موصول ہونے کے بعد آپ کو 60 دنوں کے اندر حتمی تحریری فیصلہ موصول ہونا ضروری ہے۔ [34 CFR 303.433, 17 CCR 52171(a)]
- آپ کو یہ حق بھی حاصل ہے کہ اگر کوئی ادارہ باضابطہ سماعت کے حتمی فیصلے پر عمل نہ کرے تو آپ اس کے خلاف شکایت درج کر سکتے ہیں۔ [34 CFR 303.433, 17 CCR 52171(e)]

اپنی ثالثی یا باضابطہ سماعت کی درخواست درج ذیل پتے پر بھیجیں:

Office of Administrative Hearings
Attention: Early Start Intervention Section
2349 Gateway Oaks Drive, Suite 200
Sacramento, CA 95833-4231
فون: (916) 263-0654
فیکس: (916) 376-6318

اپنی دستخط شدہ شکایت بھیجیں:

Department of Developmental Services
Attention: Community Appeals and Resolutions Branch
1215 O Street, MS 8-20
Sacramento, CA 95814
فون: (833) 538-3723
فیکس: (916) 654-3641
ای میل: appeals@dds.ca.gov

والدین کے حقوق اور قابل اطلاق ضوابط سے متعلق تفصیلی معلومات یہاں مل سکتی ہے:

ارلی سٹارٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ارلی سٹارٹ بیبی لائن سے 800–515–BABY (800-515-2229) یا earlystart@dds.ca.gov پر رابطہ کریں۔